© rasailojaraid.com



**چراغ جلتے رہے** مصنف: صبا حسنی ۔ ناشر: ادارۂ معارف اسلامی، منصورہ لاہور

صفحات: ۱۵۰ سائز: ۲۲×۱۸/۱۶ غیر مجلد۔ قیمت: ۳۰ روپے

کچھ اہل ہمت چپکے سے کوئی چونکا دینے والا کام کر گذرتے ہیں۔ اس کتاب کے مصنف جناب صبا حسنی نے بھی یہ کتاب پیش کرکے ایک ایسا ہی کارنامہ انجام دیا ہے۔ یہ ان کی ۱۸ ایسی طویل نظموں پر مشتمل ہے جس میں تاریخِ اسلام کے بہت اہم واقعات بیان کیے گئے ہیں۔

ان کی شاعری کا فکری پس منظر یہ ہے کہ غیر مسلم قوموں کی مادی ترقی حقیقی ترقی نہیں ہے۔ حقیقی ترقی وہ تھی جب نسلِ انسانی نے انصاف اور بے انصافی کے فرق کو سمجھا تھا اور مظاہر پرستی اور توہم پرستی کی تاریکیوں سے نکل کر خدا پرستی اور علم و ایقان کی روشن فضا میں سفر شروع کیا تھا۔ اس زمانے میں آسمانِ زندگی پر عظیم انسانوں کی صورت میں ان گنت تابناک ستارے طلوع ہوئے تھے۔

جناب صبا حسنی نے ایسی ہی عظیم شخصیتوں کے حوالے سے تاریخِ اسلام کے بہت اہم واقعات نظم کیے ہیں۔ اور سچ تو یہ ہے کہ یہ کام بہت خوب صورت انداز میں کیا ہے۔ طویل نظموں میں شعر کا حسن بہت مشکل سے باقی رہتا ہے، لیکن "چراغ جلتے رہے" کے شاعر نے شاعری کا حسن برقرار رکھا ہے۔ مضامین کے ربط کے اعتبار سے ان نظموں کی حیثیت مثنوی کی ہے، لیکن بحر مثنوی کی نہیں۔ یہ ہیئت کی بات ہے لیکن شعر کے اثر اور پاکیزہ مضامین کے اعتبار سے کوئی ادنیٰ کمزوری بھی نہیں۔ یہ کتاب ہر لحاظ سے ایسی ہے کہ اسے زیادہ سے زیادہ پھیلایا جائے۔ اور نوجوانوں کو اس کے مطالعے کی ترغیب دی جائے۔ (نظر زیدی)

© rasailojaraid.com